

عام آدمیوں پر مشتمل ایک نیا سیاسی پلیٹ فارم

مختصر تعارف

"عام آدمی کا پاکستان"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّهَ لاَ يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّى يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنْفُسِهِمْ (القرآن)

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی

نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

1-تعارف

"پاکستان عام آدمی موومنٹ" پاکستان کے عام آدمی کی سیاسی جدوجہد کا پلیٹ فارم ہے جسے ملک بھر سے چند باہمت اور پر عزم افراد عام آدمی کی تقدیر کو بدلنے کی تحریک کے طور پر وجود میں لائے ہیں تاکہ وطن عزیز میں عام آدمی کے مسائل کے یقینی حل کے لیے عام آدمی کی حکمرانی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جا سکے!

"اب راج کرے گا عام انسان

عام آدمی کا پاکستان"

2-اغراض و مقاصد

قیام پاکستان سے لے کر آج تک پاکستان کے عام عوام پانچ فیصد استحصالی اشرافیہ کے ظلم و ستم سے پستے چلے آ رہے ہیں ملک کے طول و عرض میں اب یہ بات بڑی شدت کے ساتھ محسوس کی جا رہی ہے کہ استحصالی اشرافیہ کی نمائندہ، مروجہ سیاسی جماعتوں کے پاس پاکستان کے 95 فیصد عام عوام کے مسائل کا کوئی حل موجود نہیں پسماندگی، جہالت، دن بدن بڑھتی غربت، لاقانونیت، عوامی نمائندوں کی سرِ عام شرمناک خرید و فروخت، ڈوبتی معیشت اور ٹوٹتی امیدوں کی اس اندھیر نگری چوپٹ راج کی گمبھیر فضا میں "پاکستان عام آدمی موومنٹ" اک امید کی روشن کرن کے طور پر پاکستان کے کروڑوں بے آواز عام عوام کے دل کی آرزو بن کر سامنے آئی ہے جو ذاتی مفاد سے ہٹ کر پاکستان اور پاکستان کے عام عوام کی بات کر رہی ہے جو یہ سمجھتی ہے کہ پاکستان کے عام آدمی کے مسائل کا حل اسی صورت میں ممکن ہے کہ ان کی تقدیر کا فیصلہ ان کے اپنے ہاتھ میں ہو اور زمام اقتدار استحصالی اشرافیہ کی بجائے عام آدمی کے بہترین حقیقی نمائندوں کے پاس ہو تاکہ وہ قانون کی حکمرانی کے تحت اپنے مسائل خود حل کر کے ملک کو مایوسی کے

اندھروں سے نکال کر ترقی کی راہ پر ڈال سکیں "پاکستان عام آدمی موومنٹ" کے دروازے پاکستان کے ہر مرد وزن عام شہری کے لئے کھلے ہیں جو کسی قسم کے استحصال یا بد عنوانی میں ملوث نہ رہا ہو لیکن آزمائے ہوؤں کو آزمانے کی گنجائش باقی نہیں!

سلطانی جمہور کا آتا ہے زمانہ

جو نقش کہن تم کو نظر آئے مٹا دو

آج تک ہوتا یہی آیا ہے کہ وطن عزیز کے پسماندہ اور ناخواندہ عوام کو محض الیکشن کے جھوٹے وعدوں اور دلفریب انتخابی نعروں پر ٹرخایا جاتا رہا ہے اور اقتدار میں آنے کے بعد 'وہ وعدہ نہیں جو وفا ہو گیا' ہر دور میں برابر دھرایا جاتا رہا ہے مگر "پاکستان عام آدمی موومنٹ" لمبے لمبے وعدے نہیں بلکہ کرنے پر یقین رکھتی ہے!

"پام" پارٹی کا مقصد اولین قانون کی حکمرانی کا عملی نفاذ اور اقتدار و اختیارات کی ہر سطح پر عام آدمی کی رسائی اور شمولیت کو یقینی بنانا ہے جس کو اقتدار کے اندر یا باہر پارٹی کے اندرونی اور بیرونی معاملات میں بخوبی دیکھا اور مشاہدہ کیا جا سکتا ہے کیونکہ "پاکستان عام آدمی موومنٹ" شفاف رہنے اور شفاف نظر آنے پر یقین رکھتی ہے۔

"پاکستان عام آدمی موومنٹ" کے آئین کے مطابق پاکستان کا ہر شہری عام آدمی کی اس جدوجہد میں شامل ہو کر اپنی اہلیت، کردار اور صلاحیتوں کی بنا پر مکمل جمہوری انداز میں پارٹی کے کسی بھی عہدے اور حکومتی ذمہ داری تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔

پاکستان کے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے مخلص ایماندار اور محب وطن لوگوں سے اپیل ہے کہ وہ سنگین تلخ حالات پر نوحہ کناں ہونے کی بجائے عام آدمی کی اس جدوجہد "پام پارٹی" کے قافلہ میں شامل ہو کر اپنی اہلیت اور دلچسپی کے شعبہ میں اپنا عملی کردار ادا کریں تاکہ قوم کو موجودہ تعطل، بے عملی اور ناامیدی کے گھٹا ٹوپ اندھیروں سے نکال کر امید و عمل کی روشنی سے ہمکنار کیا جا سکے اور خود کفالت و خود انحصاری کی منزل کے حصول کو ممکن بنایا جا سکے!

آیئے! عزم و ہمت کے چراغ جلایئے! یہ کارواں آپ کا ہے اس کی آبیاری میں اپنا کردار ادا کیجیئے! ہمارے لیے نہیں کسی دوسرے فرد کے لیے نہیں بلکہ دنیا کے تمام مہذب انسانوں کی طرح اپنے لیئے اپنے پیاروں کے لیے اپنی آئندہ نسلوں کی بالیدگی اور محفوظ نشو و نما کے لیے

اٹھو! کہ ہم خاک نشینوں کی ٹھوکر میں زمانہ ہے

شکوہ ظلمت شب سے تو کہیں بہتر تھا

اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے

3-رہنما اصول

"پاکستان عام آدمی موومنٹ" نظریہ پاکستان سے اپنی پختہ وابستگی کو ہمیشہ مقدس اور مقدم سمجھتی ہے اور قائد و اقبال کے افکار کی روشنی میں پاکستان کو ایک حقیقی فلاحی ریاست کی منزل سے ہمکنار کرنے کے لیے مندرجہ ذیل رہنما اصولوں پر یقین رکھتی ہے:

- ریاست کے ہر شہری کی جان مال عزت و آبرو اور پراپرٹی کے تحفظ کی ریاستی ضمانت فراہم کرنا
- ملک کے ہر شہری کو بین الاقوامی معیار کے مطابق صحت کی بنیادی سہولتیں فراہم کرنا
- گریڈ ون سے گریڈ بارہ تک قومی امنگوں سے ہم آہنگ مفت معیاری یکساں لازمی تعلیم مہیا کرنا
- ریاست کے تمام شہریوں کو مستند بین الاقوامی معیار کے مطابق بلا تخصیص انصاف کی جلد اور واضح فراہمی کو یقینی بنانا
- ملک کے ہر شہری کو اہلیت کے مطابق روزگار کے یکساں مواقع فراہم کرنا
- میرٹ کی بالادستی قائم کر کے ہر شعبہ زندگی میں میرٹ کے نفاذ پر سمجھوتہ ناممکن بنانا
- پاکستان بھر میں وراثتی سیاست کا مکمل خاتمہ کرنا
- فرد اور ریاست کے مفاد کے فرق کو مٹا کر قومی یکجہتی، اتحاد، یگانگت اور حب الوطنی کو فروغ دینا
- "پام" کا حقیقی معنوں میں پاکستان کے عام عوام کی نمائندہ آواز بن کر میدان عمل میں اترنا
- پارٹی کی ہر سطح پر مسلمہ جمہوری اصولوں اور روایات کے تحت باقاعدگی سے پارٹی الیکشن کا انعقاد جس میں کوئی بھی پارٹی ممبر بلا تخصیص و تردد حصہ لینے کا مجاز ہو
- پارٹی کا ہر سطح کا عہدیدار اور رکن بلا رورعایت حفظِ مراتب پارٹی کی احتساب کمیٹی کے سامنے جواب دہ ہو گا
- وفاق کی اکائیوں اور مرکز کے مابین مکمل انصاف، توازن اور ہم آہنگی کے فروغ کو یقینی بنانا
- پاکستان کی سلامتی، اس کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت، اندرونی اور بیرونی دشمنوں کے خاتمہ کے لیے قومی دفاعی اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑا ہونا
- ملکی اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کرتے ہوئے بہترین قومی مفاد میں بین الاقوامی دوستانہ تعلقات کو فروغ دینا
- اسلامی جمہوریہ کے اندر اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی مکمل ضمانت فراہم کرنا
- اپنے وسائل میں رہ کر گزارا کرنے کی ترغیب اور ہر عام و خواص طبقات میں فضول خرچی کے رجحانات کی حوصلہ شکنی کرنا

- ترجیحی بنیادوں پر اکثریت کی خواہشات وضرویات کے مطابق ایکٹ، قوانین، اصول وضوابط کا از سر نو جائزہ لے کر ضروری ترامیم کے ساتھ نظام کی تبدیلی کے لیے بامقصد اور پر عزم رہنا
- پام پارٹی قانون کی حکمرانی، عدل وانصاف کی فراہمی، میرٹ اور مساوات کے نفاذ، بنیادی صحت اور معیاری تعلیم کے حصول اور اختیارات کی ہر سطح پر عام آدمی کی شمولیت کے اپنے بنیادی تصورات پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرے گی اور اس ضمن میں کسی قسم کے طبقاتی اشرافیہ کے دباو کو قبول نہ کرنے کے عزم کے ساتھ کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی!

4-شعبہ جات

ا- سسٹم اینڈ گورننس

- ہر سطح پر گورننس کے نظام میں شفافیت کے لیے ڈیجیٹل ٹرانسپیرٹ گورنس سسٹم کا نفاذ
- عدالتوں پر مقدمات کا بوجھ کم کرنے کے لیے ججز کی استعداد اور تعداد میں خاطر خواہ اضافہ اور مقدمات کے ابتدائی صحیح اور غیر جانبدارانہ اندراج کے لیے پولیس تھانہ کی سطح پر کمپیٹینٹ لیگل ایڈوائزرز کی تعیناتی کے ساتھ وکلاء، پولیس اور ججز کی جوابدہی اور خوداحتسابی کے نظام کو موثر بنایا جائے گا
- ڈویژنل سطح پر تمام سرکاری / نیم سرکاری اداروں کی کارکردگی کی مانیٹرنگ کا عوامی نظام
- میٹروپولیٹن سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور لوکل گورنمنٹ کے مستحکم نظام کے تحت لوکل محاصل کا ایک بڑا حصہ انہی علاقوں پر خرچ کرنا اور مقامی سطح پر عام آدمی اور سرکاری اداروں کے درمیان لوکل پام کونسل کے ذریعے تعامل کا نظام
- عام آدمی کے شہری حقوق اور شہریت کے لیے تربیتی پروگرام

۲- تعلیم

- ملکی اقدار، نظریات اور طرز زندگی کے مطابق بچوں کی بنیادی تعلیم وتربیت پر بھرپور توجہ کے ساتھ بین الاقوامی ضرورتوں سے ہم آہنگ مفت معیاری لازمی تعلیم کے لیے جدید نظام تعلیم (یکساں اور متوازن نصاب)
- لگ بھگ تین کروڑ سکول سے محروم بچوں کو لازمی تعلیمی پالیسی کے تحت رسمی اور غیر رسمی سنگل ٹیچر سکول / ایوننگ سکول سسٹم کے ذریعہ دائرہ سکول میں لے کر آنا

- اعلیٰ تعلیمی اداروں کو صنعت و حرفت سے جوڑنا اور ٹیکنیکل / کمپیوٹر ایجوکیشن کا مربوط نظام
- تربیت اساتذہ اور والدین کیلئے خصوصی قومی اداروں کا قیام
- بچوں کی تعلیمی، ذہنی ,جسمانی نشو نماء اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے جدیدیت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ماڈرن آڈیو وژیول ایڈز اور اس سے منسلک سیمینار اور کھیلوں کا انعقاد

۳- صحت

- شعبہ صحت کو عالمی معیار تک لانے اور اس کی تنظیم نو کے لیے بین الاقوامی معیار کے ایکریڈیٹیٹنگ اور مانیٹرنگ اداروں کا قیام
- پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کی مدد سے تحصیل کی سطح پر تمام شہریوں کیلئے معیاری اور ماہرانہ طبی سہولتوں، خصوصاً سستے میڈیکل ٹیسٹ کی سرکاری دستیابی
- صحت کے مقامی مراکز یونین کونسل پر بہترین طبی عملہ اور طبی آلات کی فراہمی
- آلٹرنیٹو میڈیسن اور مستند متبادل طریقہ علاج پر خصوصی توجہ

۴- قانون و انصاف

- پام پارٹی عدالتی نظام پر عوام کا اعتماد بحال کرنے کیلئے شفافیت، سزا اور جزا پر مشتمل نظام وضع کرے گی اور ایک ایسے معاون متبادل قانونی نظام کی تجاویز سامنے لائے گی جو آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے شہریوں کو فوری انصاف مہیا کرنے میں زیادہ موثر اور قابل عمل ہو
- گواہ کو تحفظ اور شھادت کے نظام. کو بہتر کرنا
    - پولیس کی بھرتی، تربیت، ترقی اور روزگار کو ہمہ قسم سیاسی اثر رسوخ سے پاک کرنا_
- جدید دور کے تصورات اور تقاضوں کے عین مطابق ادارے کے تمام شعبوں، تفتیش، استغاثہ، استعداد اور تربیت وغیرہ کا متعلقہ شعبہ کے ماہرین کے ذریعے سے مکمل جائزہ لینا

۵- معیشت

- آزاد معاشی پالیسی کے تحت سرمایہ کاری کیلئے خوف سے پاک ساز گار ماحول
- ڈاکومینٹڈ ڈیجیٹل اکانومی کے ساتھ اہداف کے حصول کیلیے (NRP) نیشنل ریسورس پلاننگ کا نظام
- ٹیکس کا آسان اور منصفانہ خودکار نظام
- پراڈکٹ پر متعدد ٹیکسز کی بجائے سنگل بلاک ٹیکس اور انفرادی ٹیکس ریٹرن کی چھوٹ

- زرعی میدان میں ملکی پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کے لئے زرعی اصلاحات سے ملک کی تمام قابل کاشت اراضی کاشتکاروں کو لیز پر الاٹ کرنا کہ ایک انچ زمین بھی بلا کاشت باقی نہ رہے اور ماڈرن ٹیکنالوجی کے استعمال اور زرعی ماہرین کی مدد سے شعبہ زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا
- آڑھتی کے ہاتھوں کاشتکار کے استحصال کے خاتمے کیلیئے کھیت سے منڈی تک آسان رسائی، انفراسٹرکچر کی بہتری اور ٹیکنالوجی کا استعمال بروے کار لانا
- صنعتی میدان میں ٹیکسٹائل، معدنیات، پروسیسنگ، پھلوں اور سبزیوں کی پروسیسنگ اور ترویج، ادویات کی تیاری، آلات جراعی، سپورٹس انڈسٹری اور دیگر مشینی اوزار کے شعبہ جات میں ترقی کی رفتار کو تیز تر کرنا
- کھیل اور سیاحت کی انڈسٹری کی ترویج پر خصوصی توجہ
- انفرادی سطح پر ٹیکس کا نظام انتہائی آسان بنایا جائے گا اور کارپوریٹ سیکٹر کیلیئے شرحِ ٹیکس کم سے کم سطح پر لائی جائے گی
  - ملکی پیداواری صلاحیت بڑھانے کیلیئے سمندری ذرائع معیشت سے بھرپور فائدہ اٹھانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی_
- جدید ٹیکنالوجی کے حامل پیداواری حلقوں اور سمارٹ ڈیوائسز تیار کرنے والے پرائیویٹ مینوفیکچرز کی حوصلہ افزائی کے لیے خصوصی پیکیجز
- ماحولیاتی آلودگی سے نمٹنے کیلیئے قانون سازی کر کے سختی سے عمل درآمد کرنا
- یومیہ اجرت پر کام کرنے والے محنت کش طبقہ اور کم آمدنی والے پرائیویٹ / گورنمنٹ / پرائیویٹ ملازمین کا استحصال روکنے اور ویلفیئر کے لیے موثر قانون سازی کرنا

٦-خارجہ پالیسی

- متحرک معاشی اور فوجی صلاحیت کے ساتھ ملکی اکثریت کی خواہشات اور قومی امنگوں کی ترجمان باوقار خارجہ پالیسی ترتیب دینا کشمیر اور فلسطین سمیت پوری دنیا میں حل طلب تنازعات کے انسانی اخلاقی بنیادوں پر منصفانہ حل کے لیے ہم خیال مسلم ممالک و دیگر دوست ممالک کی حمایت سے اپنا متحرک قومی اور ملی کردار ادا کرنا
- روائتی علاقائی حریف بھارت کے ساتھ مسائل کے منصفانہ حل کے لیے قومی امنگوں کے عین مطابق انہی کی زبان میں بات کرنا
- پاکستان کی جغرافیائی اہمیت کے مدِ نظر پام پارٹی پاکستان کے تمام ہمسایہ و دیگر ممالک کے ساتھ برابری کی بنیاد پر تعلقات کے فروغ کی حکمت عملی پر یقین رکھتی ہے اور اہم بین الاقوامی امور پر قوموں کے مفادات کا سودا کیئے بغیر مسائل اور تنازعات کا **win-win** حل نکالنے کی عالمی کوششوں کی امن وانصاف کے تقاضوں کے تحت حمایت کرے گی- ان شاء اللہ

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ



اگر آپ عام آدمی ہیں تو ہمارے ساتھ شامل ہو جایئے۔ قطرے قطرے سے س دریا بنتا ہے۔ اس پیغام کو پھیلائیں۔ پام کا حصہ بننے کے لیے آپ کا
صرف پاکستانی ہونا کافی ہے۔ آیئے اپنی تقدیر اپنے ہاتھ میں لیں

پام پارٹی فیسبک پیج: https://www.facebook.com/paam.party

پام پارٹی کا منشور: منشور (اردو) https://www.facebook.com/101680628477437/posts/109899734322193/

منشور (English) **https://www.facebook.com/101680628477437/posts/108206954491471/**

پام پارٹی رجسٹریشن فارم https://www.facebook.com/101680628477437/posts/108206954491471/

برائے رابطہ:

اسلام آباد 0300-8500292 | پنجاب 0301-0495124 | سندھ 0333-3185296

بلوچستان 0300-8385555 | خیبر پختونخواہ 0333-8919678 | گلگت-بلتستان 0345-5398826

آزاد کشمیر 0300-9773466